STEP
TOGETHER

رازدارانہ مشورے اور مدد کے لیے:

1800 875 204 پر کال کریں

STEPTOGETHER.NSW.GOV.AU دیکھیں

جلد مدد لوگوں کو متشدّد انتہا پسندی کی طرف جانے سے روک سکتی ہے۔ پتہ کریں کہ یہ کیسے ممکن ہے۔

1800 875 204 پر فون کریں یا یہ ویب سائیٹ **STEPTOGETHER.NSW.GOV.AU** دیکھیں

NSW GOVERNMENT

رابطہ کریں

@steptogethernsw

@StepTogetherNSW

@steptogethernsw

@steptogethernsw

Urdu

کن آثار پر نظر رکھنی چاہیے

کیا آپ اپنے کسی پیارے میں تبدیلیاں محسوس کر رہے ہیں؟ شاید وہ معمول کی نسبت زیادہ الگ تھلگ رہتا ہے، زیادہ وقت اکیلا کمپیوٹر پر وقت گزارتا ہے، زیادہ جارحانہ انداز میں پیش آتا ہے یا کمیونٹی میں دوسروں کے ساتھ واسطے میں کم برداشت کا مظاہرہ کر رہا ہے۔

یہ اس بات کے آثار ہیں کہ شاید آپ کے واقف کو مدد کی ضرورت ہے۔ کبھی کبھار جب لوگ خود کو اکیلا یا اپنے بارے میں دوسروں کو غلط فہمی کا شکار محسوس کرتے ہیں تو وہ انتہا پسند گروہوں کے ساتھ وابستگی محسوس کرنے لگتے ہیں جو ان کی کمزوریوں سے فائدہ اٹھانے کی تاک میں ہوتے ہیں۔

یہ گروہ اپنی مرضی کی سیاسی، سماجی، مذہبی یا نظریاتی تبدیلی لانے کے لیے تشدّد کے استعمال کو فروغ دیتے ہیں، اسے جائز قرار دیتے ہیں اور اس کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ ہمارا مقصد لوگوں کو اس راستے پر چلنے سے بچانا ہے۔

آپ کا کردار نہایت اہم ہے

جب آپ کے کسی قریبی شخص کے غلط راستے پر چل پڑنے کا امکان ہو تو سب سے بڑھ کر آپ اسے پہچاننے کے قابل ہوتے ہیں۔ اگرچہ سننے میں یہ معمولی بات لگتی ہے لیکن کبھی کبھار صرف اپنے کسی پیارے کی بات توجہ سے سن لینا ہی مدد کے لیے کافی ہوتا ہے۔ بری بھلی رائے قائم کیے بغیر بات سن کر آپ کسی شخص کو قبول کیے جانے اور وابستگی کا احساس دلا سکتے ہیں، اس سے پہلے کہ وہ تشدّد کے حامی گروہ سے تعلق جوڑے۔ ایسا ماحول بنا کر جہاں صحتمندانہ بات چیت کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہو اور لوگ بلاجھجک اپنے خیالات کا اظہار کر سکتے ہوں، آپ مثبت وابستگی کو فروغ دے سکتے ہیں اور انتہا پسندی کے خطرات کی طرف بڑھتے ہوئے شخص کو واپس لا سکتے ہیں۔

Step Together مدد کے لیے حاضر ہے

Step Together ان لوگوں کے لیے ایک ہیلپ لائن اور ڈیجیٹل سپّورٹ سروس ہے جو اپنے پیاروں کو سہارا دینے اور انہیں متشدّد انتہا پسندی میں شامل ہونے سے بچانے کے لیے مشورہ لینا چاہتے ہوں۔ باقاعدہ قابلیت رکھنے والے امدادی کارکن محفوظ اور رازدارانہ ماحول میں آپ کو دوسروں کی مدد کرنے کے لیے رہنمائی دے سکتے ہیں اور آپ کی کمیونٹی میں درست امدادی خدمات سے آپ کا رابطہ کروا سکتے ہیں۔

1800 875 204 پر ہمیں فون کریں یا
STEPTOGETHER.NSW.GOV.AU دیکھیں۔